**Code : 80**

دستخط نگران کار

**Booklet Serial No.**

# مولانا آزاد نیشنل اُردو یونیورسٹی

## پی ایچ ڈی (اردو کلچر اسٹڈیز)

## انٹرنس ٹسٹ پرچہ سوالات' جون 2025

## PhD (Urdu Cultural Studies) Entrance Test - 2025

Hall Ticket No.

OMR Serial No.

Time: 2 Hours

وقت : دو گھنٹے

## اُمیدواروں کے لیے ہدایات

1. اوپر فراہم کی گئی جگہ پر امیدوار اپنا OMR اور ہال ٹکٹ نمبر لکھیں۔ اس کے علاوہ کتابچے میں کسی بھی صفحے پر ہال ٹکٹ نمبر، OMR نمبر یا اپنا نام نہ لکھیں۔
2. یہ پرچۂ سوالات کل (12) صفحات پر مشتمل ہے۔ اگر اس کتابچے میں صفحات کم ہوں یا اس کی ترتیب میں کوئی غلطی ہو تو جوابات لکھنے سے پہلے ہی نگران کار سے اسے تبدیل کروالیں۔
3. یہ کتابچے دو حصوں Part A and Part B پر مشتمل ہے۔
پہلے حصے (Part A) میں جملہ 50 معروضی سوالات (MCQ) ہیں۔ ہر سوال کے نیچے 4 متبادل (A) (B) (C) (D) جوابات دیے گئے ہیں۔ سوال کے صحیح جواب کا انتخاب کیجیے۔ پھر OMR جوابی بیاض میں اپنے منتخب کردہ جواب کے دائرے کو صرف Blue/Black Ballpoint Pen سے گہرا کیجیے۔ ہر سوال کا ایک (1) نمبر مختص ہے۔
حصہ دوم (Part B) چار سوالات (Descriptive) پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے 5 نمبرات مختص ہیں۔ حصہ دوم (Part B) میں جوابات کے لیے علاحدہ 8 صفحات کا کتابچہ (Booklet) فراہم کیا جائے گا۔
4. امیدوار کو نمبرات صرف OMR جوابی بیاض میں صحیح جواب دینے پر دیے جائیں گے۔ اگر اس کتابچے میں امیدوار نے جواب پر نشان لگایا ہو لیکن OMR میں دائرے کو گہرا نہ کیا ہو تو ایسی صورت میں امیدوار کو کوئی نمبر نہیں ملے گا۔
5. اگر ایک سے زیادہ دائروں کو گہرا کیا گیا ہو تو اُس سوال کے نمبر نہیں ملیں گے۔
6. غلط جواب پر کوئی Negative Marks نہیں ہے۔
7. انٹرنس ٹسٹ کے اختتام پر امیدوار کتابچہ پرچۂ سوالات اپنے ساتھ لیجا سکتے ہیں۔

☆☆☆

Code : 80

## (Part - A) حصہ اول

## Section-I (Research Methodology) تحقیق کے طریقہ کار

1۔ ''اردو کی لسانی تحقیق'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) محمد انصاراللہ (B) مرزا خلیل احمد بیگ

(C) محمود شیرانی (D) نورالحسن نقوی

2۔ ''مقالات حافظ محمود شیرانی'' کے مرتب کا نام کیا ہے؟

(A) پروفیسر نذیر احمد (B) گیان چند جین

(C) مرزا خلیل احمد بیگ (D) مظہر محمود شیرانی

3۔ ''دکن میں اردو'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) نصیرالدین ہاشمی (B) رشید حسن خان

(C) مولوی عبدالحق (D) خلیق انجم

4۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ دکنی ادب کی تاریخ | I۔ مولوی عبدالحق |
| B۔ انشا اور تلفظ | II۔ شوکت سبزواری |
| C۔ اردو زبان کا ارتقا | III۔ محی الدین قادری زور |
| D۔ قواعد اردو | IV۔ رشید حسن خاں |

(A) BIII, CII, AI, DIV (B) AII, BIII, CIV,DI

(C) DIV, CI, BII, A (D) AIII, BIV, CII, DI

5۔ درج ذیل میں سے کون سی کتاب گیان چند جین کی نہیں ہے۔

(A) اردو کی نثری داستانیں (B) دو زبانیں، دو ادب

(C) تحقیق کا فن (D) اردو مثنوی شمالی ہند میں

6۔ درج ذیل میں سے کون سا جوڑ درست ہے۔

(A) مالک رام۔ تذکرۂ معاصرین (B) عبدالستار دلوی۔ تنقید اور عملی تنقید

(C) سید احتشام حسین۔ سخن ہائے گفتنی (D) کلیم الدین۔ اردو میں لسانیاتی تحقیق

7۔ ''اصول تحقیق و ترتیب متن'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مالک رام (B) تنویر احمد علوی

(C) کلیم الدین احمد (D) محمد حسین آزاد

8۔ ''اردو کا ابتدائی زمانہ'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) عبدالستار دلوی (B) نثار احمد فاروقی

(C) شمس الرحمٰن فاروقی (D) خواجہ احمد فاروقی

9۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| تصانیف | مصنفین |
|---|---|
| A۔ اردو میں ادبی تحقیق | I۔ مرزا خلیل احمد بیگ |
| B۔ تلاش غالب | II۔ خواجہ احمد فاروقی |
| C۔ لسانی مسائل و مباحث | III۔ نثار احمد فاروقی |
| D۔ یادو بودِ غالب | IV۔ قاضی عبدالودود |

(A) AIV, BIII, CI, DII (B) AII, BIII, CIV,DI

(C) AIII, BII,CIV, DIII (D) AI,BII, CIII, DIV

10۔ غیر سندی تحقیق کے متعلق درج ذیل میں کون سا بیان غلط ہے:

(A) تحقیق کار کو اپنی پسند سے موضوع کے انتخاب کی آزادی ہوتی ہے۔

(B) ایسی تحقیق جس کی تکمیل کے لیے کوئی مدت متعین نہیں ہوتی ہے۔

(C) ایسی تحقیق، جسے کسی نگراں کے بغیر مکمل کی جاتی ہے۔

(D) ایسی تحقیق جس میں ایک ممتحن کی ضرورت ہوتی ہے۔

11۔ 'بادشاہ آزاد بخت'، کس داستان کا کردار ہے؟

(A) فسانۂ عجائب　　(B) باغ و بہار

(C) جذب عشق　　(D) عجائب القصص

12۔ تحقیق کے متعلق کون سے بیان درست ہیں:

I۔ تحقیق عربی لفظ ہے۔

II۔ تحقیق سچ یا حقیقت کی دریافت کا عمل ہے۔

III۔ تحقیق کسی امر کو اس کی اصلی شکل میں دیکھنے کی کوشش ہے۔

IV۔ تحقیق کا تنقیدی عمل میں کوئی دخل نہیں ہوتا ہے۔

(A) II, III, IV　　(B) I,II, IV

(C) I,II, III　　(D) I, III, IV

13۔ تحقیق و تدوین کی اصطلاح ''ناقص الطرفین'' سے کیا مراد ہے؟

(A) وہ کتاب/نسخہ، جس کے آخر کے اوراق ضائع ہو گئے ہوں ۔

(B) وہ کتاب/نسخہ، جس کے ابتدا اور آخر کے اوراق ضائع ہو گئے ہوں۔

(C) کسی کی تخلیق میں کسی دوسرے کی تخلیقات کو شامل کرنا۔

(D) کتاب کے آخر میں متن کے کسی اندراج میں ترمیم و اضافہ کرنا۔

Code : 80

14۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ تنقیدی دبستان | I۔ آل احمد سرور |
| B۔ فن تنقید اور تنقید نگاری | II۔ کلیم الدین احمد |
| C۔ عملی تنقید | III۔ نورالحسن نقوی |
| D۔ تنقید کیا ہے | IV۔ سلیم اختر |

(A) AI, BII, CIII, DIV
(B) AIV, BIII, CII, DI
(C) AII, BI, CIV, DIII
(D) AII, BIII, CIV, DI

15۔ میر بہادر علی حسینی کی تصنیف 'نثر بے نظیر' کس تصنیف کا ترجمہ ہے؟
(A) گلزار نسیم
(B) گلشن عشق
(C) قطب مشتری
(D) سحرالبیان

16۔ نہال چند لاہوری کی داستان ''مذہب عشق'' کس فارسی تصنیف کا اردو ترجمہ ہے؟
(A) گل صنوبر
(B) گل بکاولی
(C) گلشن بے خار
(D) ہفت گلشن

17۔ علی ابراہیم کے تذکرے ''گلزار ابراہیم'' کا اردو ترجمہ ''گلشن ہند'' کے نام سے کس نے کیا تھا؟
(A) مولوی عبدالحق
(B) ڈاکٹر سید عبداللہ
(C) میرزا علی لطف
(D) رشید حسن خان

18۔ درج ذیل میں ''حواشی'' سے متعلق کون سا بیان درست ہے؟
(A) کسی متن کے جملہ ماخذ یعنی کتابوں یا حوالوں کی فہرست دینا۔
(B) کسی متن کے آخر میں مشکل الفاظ یا اصطلاح کے معنی لکھنا۔
(C) کسی متن کے لفظ یا عبارت کو پڑھ کر اس کے تلفظ اور ہجے کو متعین کرنا۔
(D) متن کے کسی اندراج پر مزید معلومات، باب یا متن کے آخر میں درج کرنا۔

Code : 80

19۔ بین العلومی تحقیق کے متعلق کون سے بیان درست ہیں؟

I۔ بین العلومی تحقیق اور تقابلی تحقیق میں کوئی فرق نہیں ہوتا ہے۔

II۔ بین العلومی تحقیق، تقابلی تحقیق سے مختلف ہوتی ہے۔

III۔ ایسی تحقیق، جس میں دو یا زیادہ علوم وفنون کے ڈانڈے ملتے ہوں۔

IV۔ بین العلومی مطالعہ، دو بظاہر بعید مضامین کو قریب لاتا ہے۔

(A) II, III, IV    (B) I,II, IV

(C) I,II, III    (D) I, III, IV

20۔ امیر خسرو کی تصنیف ''خالق باری'' کی تدوین کس نے کی ہے؟

(A) سید مسعود حسن رضوی ادیب    (B) قاضی عبدالودود

(C) حافظ محمود خاں شیرانی    (D) امتیاز علی عرشی

21۔ ''مقدمہ تاریخ زبان اردو''، کس کی تصنیف ہے؟

(A) حافظ محمود شیرانی    (B) مسعود حسین خاں

(C) نصیر الدین ہاشمی    (D) گارساں دتاسی

22۔ ''فائز دہلوی اور دیوان فائز'' کو کس نے ترتیب دی ہے؟

(A) سید مسعود حسن رضوی ادیب    (B) عبدالقادر سروری

(C) مختار الدین احمد آرزو    (D) نثار احمد فاروقی

23۔ ''تنقیدی مباحث'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) شمس الرحمٰن فاروقی    (B) شارب ردولوی

(C) الطاف حسین حالی    (D) تنویر احمد علوی

24۔ درج ذیل کس داستان میں حاتم طائی کا قصہ بیان کیا گیا ہے؟

(A) گلزار حسن    (B) بہار عشق

(C) آرائش محفل    (D) چار گلشن

Code : 80

25۔ '' اردو زبان برج بھاشا سے نکلی ہے اور برج بھاشا خاص ہندوستانی زبان ہے''، یہ دعویٰ کس کا ہے؟

(A) رشید حسن خاں (B) سرسید احمد خاں

(C) قاضی عبدالودو (D) محمد حسین آزاد

**Section -II (Concerned Subject)**

26۔ ملا وجہی کی داستان ''سب رس'' کے متعلق کون سے بیان درست ہیں۔

I۔ یہ اردو کی پہلی نثری داستان ہے۔

II۔ اس میں صوفیانہ تمثیل پیش کی گئی ہے۔

III۔ اس کی تصنیف 1018ھ میں ہوئی تھی۔

IV۔ اس داستان میں ''حسن اور دل'' مرکزی کردار ہیں۔

(A) I, II, III (B) II,III,IV

(C) I, II, IV (D) I,III,IV

27۔ ''امیر خسرو اور ہمارا مشترکہ کلچر'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) عرش ملسیانی (B) کے۔کے۔کھلّر

(C) رشید ملک (D) تاراچند

28۔ ''ہندوستان میں تصوف'' کے مرتب کا نام کیا ہے؟

(A) ضیاءالحسن فاروقی (B) آل احمد سرور

(C) مولانا نورالحق علوی (D) خواجہ حسن نظامی

29۔ میر حسن کی مثنوی ''سحرالبیان'' کے متعلق درست بیان کی نشاندہی کیجیے:

I۔اس مثنوی میں بے نظیر اور بدر منیر کی عشقیہ داستان پیش کی گئی ہے۔

II۔ اس مثنوی کے مرکزی کردار تاج الملوک اور گل بکاولی ہیں۔

III۔ اس مثنوی میں مافوق الفطرت عناصر کو جگہ دی گئی ہے۔

IV۔ اس مثنوی میں قصہ نگاری کی بہترین مثال پیش کی گئی ہے۔

(A) I, II, III (B) I,II,IV

Code : 80

(C) II, III, IV (D) I,III,IV

30۔ ''آدیباسی تہذیب اور ثقافت'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) عبدالغنی شیخ (B) حبیب الرحمٰن چغانی

(C) تاراچند (D) عبدالباری

31۔ ''قدیم ہندوستان کی ثقافت اور تہذیب تاریخی پس منظر میں'' کس مصنف کی انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ ہے؟

(A) تاراچند (B) ستیش چندرا

(C) ڈی ڈی کوسمبی (D) اے۔ایل۔باشم

32۔ درج ذیل میں داداصاحب پھالکے کی کون سی پہلی خاموش فیچر فلم ہے ؟

(A) ستیہ وان ساوتری (B) راجا ہریش چندر

(C) لنکا دہن (D) موہنی بھسماسور

33۔ ''لوک گیت'' کے متعلق کون سے بیان درست ہیں؟

I۔ لوک گیت غیر شخصی اور گمنام ہوتے ہیں۔

II۔ لوک گیت انفرادی نہیں بلکہ اجتماعی ہوتے ہیں۔

III۔ اس کی تحریری سند ہوتی ہے اور اس کے خالق کا علم ہوتا ہے۔

IV۔ یہ پشت در پشت یادداشتوں میں محفوظ رہتے ہیں۔

(A) I, II, III (B) II,III,IV

(C) I, II, IV (D) I,III,IV

34۔ ''اردو کے ابتدائی نشوونما میں صوفیائے کرام کا کام'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) مولوی عبدالحق (B) ہارون خاں شیروانی

(C) نصیرالدین ہاشمی (D) حافظ محمود خاں شیرانی

35۔ بی۔آر۔چوپڑا کی فلم ''طوائف'' (1985) اردو کے کس ناول پر مبنی ہے؟

(A) بازارحسن۔پریم چند (B) بہت دیر کردی۔علیم مسرور

(C) امراؤ جان ادا۔مرزا ہادی رسوا (D) الٹی گنگا۔شوکت تھانوی

36۔ درج ذیل میں کون سا کردار مرزا ہادی رسوا کے ناول 'امراؤ جان ادا' کا نہیں ہے؟

(A) امیرن (B) رام دئی

(C) بھولی بائی (D) بسم اللہ جان

37۔ ''تہذیب اوراس کے ہیجانات'' کس مصنف کی انگریزی کتاب کا اردو ترجمہ ہے؟

(A) سگمنڈ فرائڈ (B) الفریڈ ایڈلر

(C) کارل جنگ (D) میلانی کلین

38۔ درج ذیل کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
|---|---|
| A۔ فخرالدین نظامی | I۔ پھول بن |
| B۔ابن نشاطی | II۔ کدم راؤ پدم راؤ |
| C۔ شیخ احمد گجراتی | III۔ گلشن عشق |
| D۔ نصرتی | IV۔ یوسف زلیخا |

(A) AI, BII, CIII, DIV (B) AII, BI, CIV, DIII

(C) AI, BII, CIII, DIV (D) AIV, BIII, CII, DI

39۔ ''دلّی کی تہذیب'' کے مرتب کا نام کیا ہے؟

(A) صالحہ عابد حسین (B) تنویر احمد علوی

(C) سید ضمیر حسن دہلوی (D) انتظار مرزا

40۔ ''رہبر اخبار نویسی'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

(A) سید اقبال قادری (B) محمد عتیق صدیقی

(C) امداد صابری (D) ڈاکٹر طاہر مسعود

Code : 80

41۔ ''اردو موسیقی''، کس کی تصیف ہے؟

(A) واجد علی شاہ (B) امیر خسرو

(C) خالد ملک حیدر (D) خان محمد افضل خاں

42۔ ''بارہ ماسہ'' کے متعلق درج ذیل میں کون سے بیان درست ہیں؟

I۔ اس کا ارتقا سنسکرت کی طویل نظموں کے 'رِتو ورنن' سے ہوا ہے۔

II۔ کالی داس کی نظم 'رِتو سنگھار' اس کی اعلیٰ مثال ہے۔

III۔ اردو میں بارہ ماسہ کی بہترین مثال سید محمد میر اثر کی مثنوی 'خواب وخیال' ہے۔

IV۔ اس میں عام طور پر ایک فراق زدہ بیوی اپنے شوہر کی یاد میں تڑپتی ہے۔

(A) II,III, IV (B) I,II,IV

(C) I,II,III (D) I,III,IV

43۔ ''قدیم لکھنؤ کی آخری بہار'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) صفدر حسین (B) مرزا جعفر حسین

(C) شیخ تصدق حسین (D) مسعود حسین رضوی ادیب

44۔ 'نوشابہ اور فریدون' محمد حسن کے کس ڈرامے کے کردار ہیں؟

(A) محل سرا (B) کہرے کا چاند

(C) ضحاک (D) سچ کا زہر

45۔ لوک رقص ''بیہو'' کا تعلق ہندوستان کے کس ریاست سے ہے؟

(A) بنگال (B) آسام

(C) بہار (D) پنجاب

46۔ ''ہماری لوک کہانیاں'' کس کی تصنیف ہے؟

(A) اے۔کے۔رامانجن (B) محمود بالیسری

(C) نخشب مسعود (D) غلام عمر

Code : 80

47۔ آغا حشر کاشمیری کا کون سا ڈراما، شیکسپیر کے ڈرامے King John پر مبنی ہے؟

(A) شہید ناز (B) صید ہوس

(C) اسیر حرص (D) مرید شک

48۔ اردو ڈراما اور اس کے مصنف کے پیش نظر کالم۔I اور کالم۔II کے مابین صحیح میل کیجیے:

| کالم۔I | کالم۔II |
| --- | --- |
| A۔ دروازہ | I۔ آغا حشر کاشمیری |
| B۔خودکشی | II۔ کرشن چندر |
| C۔ آنکھ کا نشہ | III۔ محمد حسن |
| D۔ داراشکوہ | IV۔ سعادت حسن منتو |

(A) AI, BII,CIV, DIII (B) AIII, BIV,CII, DI

(C) AII, BIV,CI, DIII (D) AIV, BI,CII, DIII

49۔ حبیب تنویر کا ڈراما ''چرن داس چور'' کس مصنف کی لوک کہانی پر مبنی ہے؟

(A) منو بھنڈاری (B) جگدیش چندر جین

(C) منوہر شیام جوشی (D) وجے دان دیتھا

50۔ ''کجری'' سے متعلق درج ذیل میں کون سے بیان درست ہیں؟

I۔ یہ ایک مقبول لوک گیت ہے۔

II۔ اسے ساون کے مہینے میں گایا جاتا ہے۔

III۔ یہ بھوجپوری علاقے میں مقبول ہے۔

IV۔ یہ کلاسیکی موسیقی کا اعلیٰ نمونہ ہے۔

(A) I,II,IV (B) II,III, IV

(C) I,II,III (D) I,III,IV

Code : 80

## (Part - B) حصہ دوم

## Descriptive

چاروں سوالات کے جواب لکھیے: **(4 X 5 = 20 marks)**

**(Research Methodology)**

1۔ تحقیق کی تعریف اور اقسام بیان کیجیے۔

2۔ اردو میں تدوینِ متن کی روایت پر نوٹ لکھیے۔

**(Subject Concerned)**

3۔ مقبول عام تہذیب (پاپولر کلچر) کی وضاحت کیجیے۔

4۔ لوک تہذیب (فوک کلچر) پر ایک نوٹ لکھیے۔

☆☆☆